حصہ۔الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال نمبر1: مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کریں۔

(i) جوش میں آکر جب آواز بلند کرتے تھے تو معلوم ہوتا تھا کہ۔۔۔۔۔بج رہا ہے۔
(الف) ڈھول (ب) تاشا (ج) ترم (د) نقارہ

(ii) ع شمشیر و سناں اول طاؤس و۔۔۔۔۔آخر
(الف) حجاب (ب) گلاب (ج) کباب (د) رباب

(iii) بلھی کی عادت تھی کہ وہ کبھی۔۔۔۔۔برداشت نہیں کرتا تھا۔
(الف) گالی (ب) مار (ج) بھوک (د) چابک

(iv) "ٹوٹھ ایسے تھے کہ مولوی صاحب بھی اُن سے زچ ہو جاتے تھے۔" اس جملے میں "ٹوٹھ" کا مطلب ہے۔
(الف) چالاک (ب) بے وقوف (ج) عقل مند (د) سرکش

(v) "کوئی دن گر زندگانی اور ہے + اپنے جی میں ہم نے ٹھانی اور ہے" اس شعر میں "اور ہے" کو ادبی اصطلاح میں کہا جائے گا۔
(الف) قافیہ (ب) مترادف (ج) ردیف (د) متضاد

(vi) منگو نے کسے حقارت کی نگاہوں سے دیکھ کر دل ہی دل میں کہا "نوڈی بچے"؟
(الف) دو بیرسٹروں کو (ب) دو کوچوانوں کو (ج) دو مصنفوں کو (د) دو مار واڑیوں کو

(vii) وہ کلمہ جس سے کسی شے یا کام کا ہونا یا کرنا ظاہر ہو۔۔۔۔کہلاتا ہے۔
(الف) لفظ (ب) فعل (ج) حرف (د) اسم

(viii) "نہال کرنا" قواعد کے اعتبار سے ہے۔
(الف) تشبیہ (ب) روزمرہ (ج) محاورہ (د) تلمیح

(ix) ۔۔۔۔۔میں موبائل ٹیلی فون ایجاد ہو گیا تھا۔
(الف) 1984 (ب) 1895 (ج) 1996 (د) 1995

(x) تحریر میں کیفیات کے اظہار کے لیے مقرر کی گئی علامتوں کو کہا جاتا ہے۔
(الف) رموز اوقاف (ب) رموز تقریر (ج) رموز تدبیر (د) رموز تقدیر

(xi) شاعر نے صاحب خلق عظیم کہا ہے۔
(الف) حضرت آدم کو (ب) حضرت نوح کو (ج) حضرت ابراہیم کو (د) حضرت محمد ﷺ کو

(xii) نظم "رات اور ریل" میں ریل کو "رخشِ بے عنان" سے تشبیہ دیے جانے کا سبب اُس کی۔۔۔۔
(الف) تیز رفتاری اور منہ زوری (ب) سست رفتاری (ج) میانہ روی (د) ان میں سے نہیں

(xiii) "مت حضرت عیسیٰ نہ اٹھائیں گے کبھی" اس مصرعے میں ہے۔
(الف) صنعت تکرار (ب) صنعتِ تلمیح (ج) صنعتِ تضاد (د) صنعتِ استعارہ

(xiv) محسن الملک کو بہت شوق تھا۔
(الف) موسیقی کا (ب) شکار کا (ج) مطالعے کا (د) مصوری کا

(xv) چور نے اپنے آپ کو بلا سے محفوظ رکھنے کے لیے۔۔۔۔تلاوت شروع کر دی۔
(الف) سورۃ کوثر کی (ب) سورۂ نصر کی (ج) سورۂ اخلاص کی (د) سورۃ الناس

(xvi) افسانہ "ہم سفر" کا ماخذ ہے۔
(الف) لہو اور قالین (ب) جنم کہانیاں (ج) چند ہم عصر (د) فن کار

(xvii) "گلاب کی ایک چاندی بیٹی تھی"۔ اس جملے میں استعمال ہوئی ہے۔
(الف) صنعتِ مبالغہ (ب) صنعتِ استعارہ (ج) صنعت تشبیہ (د) صنعتِ تضاد

(xviii) "کوئی ہو، کہیں کا ہو، ان سے چھوٹا نہیں اور۔۔۔۔۔ہوا نہیں"۔
(الف) پیتل کا (ب) تانبے کا (ج) چاندی کا (د) کندن کا

(xix) اردو ذریعہ تعلیم کے مصنف ہیں۔
(الف) ڈاکٹر سید عبداللہ (ب) ڈاکٹر انور سجاد (ج) ڈاکٹر سلیم اختر (د) ڈاکٹر معین الدین

(xx) نظم "جشن بے چارگی" کے شاعر ہیں۔
(الف) حفیظ جالندھری (ب) احسان دانش (ج) جوش (د) ضمیر جعفری

حصہ "ب" (مختصر سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 10 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 05 نمبر ہیں۔

سوال-02: ملکہ نے جسمے کو بادشاہ کی نظروں سے اوجھل کر کے کیا کہا؟

سوال-03: فعلِ معروف اور فعلِ مجہول میں فرق بیان کیجئے۔

سوال-04: متضاد الفاظ کے جوڑے بنائیے۔
(الف) شادی - آسمان - ترقی - گمان - عاقل
(ب) جاہل - یقین - غمی - زمین - منزل

سوال-05: نظم "اکبر اور مغربی تعلیم" کا مرکزی خیال لکھیے۔

سوال-06: ڈپٹی نذیر احمد کے روزانہ کے معمولات لکھیے۔

سوال-07: سجاد حیدر کو افسانہ نگار کے بجائے انشا پرداز کہنا کیوں درست ہے؟

سوال-08: واحد کو جمع اور جمع کو واحد میں تبدیل کیجئے۔
اجناس۔ جُد۔ اُفرامین۔ قبیلہ۔ اصناف

سوال-09: ڈراما "آرام و سکون" میں کون سا کردار آپ کو پسند آیا اور کیوں؟

سوال-10: "ملاہے درس ہم کو سادگی کا فخرِ آدم سے"۔ اس کی وضاحت کیجئے۔

سوال-11: اسم صوت کی تعریف لکھیے اور مثال بھی دیجئے۔

سوال-12: حضرت فاطمہ کو دنیاوی ساز و سامان میں سے بطور جہیز کیا ملا تھا؟

سوال-13: نظم "جشن بے چارگی" میں شاعر نے غریب بچوں کی خوشی کو بے چارگی کیوں کہا ہے؟

سوال-14: درج ذیل کے جملے بنائیے:
درہم برہم۔ جفاکشی۔ استطاعت۔ تاوان۔ مقصود

حصہ "ج" (تفصیلی سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔

سوال-15: مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح بحوالہ متن کیجئے۔
"اس نے نہایت چالاکی سے گھوڑے کی ٹانگیں باندھیں اور زمین پر گرا دیا پھر اس نے وہ کیل گھوڑے کی دائیں ران میں گھونپ دی۔ گھوڑا بدحواس ہو کر تڑپنے لگا"۔

سوال-16: مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح بحوالہ شاعر کیجئے۔
(الف) کس سے پیمان وفا باندھ رہی ہے بلبل — کل نہ پہچان سکے گی گلِ تر کی صورت
(ب) مدرسہ یا دیر تھا یا کعبہ یا بت خانہ تھا — ہم بھی مہمان تھے واں بس تو ہی صاحب خانہ تھا

سوال-17: افسانہ "ہمسفر" یا نظم "جشن بے چارگی" کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

سوال-18: مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک عنوان پر مضمون تحریر کیجئے۔
میری پسندیدہ شخصیت — گداگری ایک لعنت